# صوبائی اسمبلی کے حلقہ پی پی168لاہور-XXV کے ضمنی انتخابات میں سمندر پار پاکستانیوں کے لئے انٹرنیٹ ووٹنگ سسٹم استعمال کرنے کا طریقہ کار

14نومبر2018

ا۔ الیکشن ایکٹ 2017 کی دفعہ 94 پر عمل درآمد کرتے ہوئے 13دسمبر 2018 کو ہونے والے لاہور کے حلقہ پی پی168 لاہور-XXV کے ضمنی انتخابات میں سمندر پار پاکستانی اپنا حق رائے دہی بذریعہ انٹرنیٹ ووٹنگ (I-Voting) استعمال کر سکیں گے۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے نادرا کی تکنیکی معاونت سے ایک انٹرنیٹ ووٹنگ سسٹم تیار کیا ہے۔ ایسے سمندر پار پاکستانی جن کا تعلق اس حلقہ سے ہے I-Voting کے ذریعے مورخہ 13دسمبر 2018 کو پاکستانی وقت کے مطابق صبح 8تا شام 5 بجے تک اپنا ووٹ آن لائن ڈال سکیں گے۔ آن لائن ووٹنگ کا طریقہ کار درج ذیل ہوگا۔

## ا۔Sign up (سائن اپ)

i. اپنے کمپیوٹر یا موبائل کے ذریعے www.overseasvoting.gov.pk پر جائیں۔

ii. اپنی ضروری معلومات بشمول نام، NICOP کا نمبر، ای میل ایڈریس، سمندر پار رہائشی ملک کا نام اور موبائل نمبر وغیرہ درج کریں اور سکرین پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں اور سائن اپ کے بٹن پر کلک کریں۔

iii. Online Voting System کے ذریعے مہیا کردہ ای میل ایڈریس پر ایک Pin Code موصول ہوگا جس کے ذریعے ووٹر تکمیل اکاونٹ کی تصدیقی ای میل پر کلک کرے گا۔

iv. اکاونٹ کی تصدیق کے لئے ووٹر اپنا ای میل ایڈریس اور موصول شدہ Pin Code درج کرے گا اور "تصدیق" کے بٹن کو کلک کرے گا جس کے بعد ووٹر کو تصدیق کا تکمیلی پیغام موصول ہوگا۔

## ۲۔ ووٹر کا تصدیقی عمل:

i. Internet Voting System میں log-in کرتے وقت ووٹر اپنا ای میل اور پاس ورڈ درج کرے گا۔

ii. ووٹر Internet Voting Systemمیں رجسٹریشن کی اہلیت کے تعین کے لئے سکرین پر موجود ضروری معلومات دیئے گئے باکس میں درج کرے گا۔

iii. Internet Voting System ووٹر سے تصدیق کے لئےچند سوالات پوچھے گا۔ درست جوابات کی صورت میں ووٹر کو Online Voting کے لئے درج کر لیا جائے گا۔تصدیقی ای میل سے ووٹر کو آگاہ کر دیا جائے گا۔

iv. ووٹرInternet Voting Systemکے خودکار نظام کے تحت پولنگ کے دن سے قبل مناسب وقت پر مہیا کردہ ای میل ایڈریس پرVoter passموصول کرے گا۔

**۳۔ ووٹ ڈالنے کا طریقہ:**

i. انتخابات کے دن پاکستان کے معیاری وقت کے مطابق پولنگ کے اوقات صبح 8تا شام 5 بجے کے دوران ووٹر اپنا اکاونٹ استعمال کرتے ہوئےLog-inکرے گا اور "ووٹ ڈالئے" کے بٹن کو دبائیں۔

ii. "ووٹ ڈالئے" کے بٹن کو دبانے کے بعد مہیا کردہVoter Passاور NICOPنمبر کے ذریعے ا صوبائی اسمبلی پی پی 168 لاہور-XXVپر کلک کرے گا جس کے بعد الیکٹرانک بیلٹ پیپر سکرین پر نمودار ہو گا۔ووٹر اپنی پسند کے امیدوار کے نام کے بٹن کو دبائے گا اور اس کے بعد کنفرم پر کلک کرے گا۔

پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق مورخہ 12نومبر 2018دن 9 بجے سے لے کر 27نومبر کی رات 12 بجے تک ضمنی انتخابات کے حلقہ پی پی 168 لاہور -XXV کے ووٹر اپنے آپ کوOnline Voting کے لئے رجسٹر کروا سکیں گے۔

ووٹر کی سہولت کے لئے مندرجہ بالا ہدایات کی ویڈیوز انگریزی اور اردو زبانوں میں www.ecp.gov.pk , www.overseasvoting.gov.pkپر مہیا کر دی گئی ہیں۔